یہ اُن کا کرم ہے جو نعت ہم سناتے ہیں
یوں سوئی ہوئی قسمت ہم اپنی جگاتے ہیں

نعت خوانوں کیلئے ایک
عظیم و لاجواب تحفہ

(نعتوں کی ڈائری)

# انوارِ مدینہ



مُرتب
ثناخوانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
صاحبزادہ عبدالرحمٰن رضا قادری
متعلم دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

قادری رضوی کُتب خانہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

Marfat.com

Marfat.com

یہ اُن کا کرم ہے جو ہم نعت سناتے ہیں
یُوں سوئی ہوئی قسمت ہم اپنی جگاتے ہیں

نعت خوانوں کیلئے ایک عظیم و لاجواب تحفہ

# انوارِ مدینہ

(نعتوں کی ڈائری)

مُرتب
ثناخوانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
صاحبزادہ عبدالرحمٰن رضا قادری
متعلم دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

قادری رضوی کُتب خانہ گنج بخش روڈ۔ لاہور
Phone
0333-4383766
042-7213575

Marfat.com

111299

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ﴾

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ـــــــ | انوارِ مدینہ (نعتوں کی ڈائری) |
| مرتب | ـــــــ | صاحبزادہ عبدالرحمٰن رضا قادری |
| پروف ریڈنگ | ـــــــ | صاحبزادہ حافظ القادری نور محمد قادری |
| صفحات | ـــــــ | 288 |
| باراول | ـــــــ | 2006ء |
| بارسوم | ـــــــ | 2010ء |
| کمپوزنگ | ـــــــ | عزیز کمپوزنگ سنٹر دربار مارکیٹ، لاہور |
| زیرنگرانی | ـــــــ | چوہدری محمد خلیل قادری |
| تحریک | ـــــــ | چوہدری محمد ممتاز احمد قادری |
| ناشر | ـــــــ | چوہدری عبدالمجید قادری |
| تعداد | ـــــــ | 1100 |
| قیمت | ـــــــ | 200 روپے |

ملنے کے پتے

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور

Hello: 042-7213575, 0333-4383766

Marfat.com

# فہرست

## الحاج محمد اویس رضا کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں



| | |
|---|---|
| انتساب | 9 |
| تقریظ | 10 |
| تقریظ | 11 |
| الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے | 12 |
| محبت میں اپنی گمایا الٰہی | 13 |
| النبی صلوا علیہ | 14 |
| صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا | 17 |
| نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا | 19 |
| وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں | 20 |
| ہے کلام الٰہی میں شمس الضحیٰ | 22 |
| چمک تجھ سے پاتے ہیں | 23 |
| سرور کہوں کے مالک و مولا کہوں تجھے | 26 |
| عرش حق ہے مسند رفعت رسول اللہ ﷺ کی | 27 |
| پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے | 29 |
| نور والا آیا ہے | 31 |
| چاہت رسول ﷺ کی | 35 |
| میں صدقے یارسول اللہ ﷺ | 36 |
| حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو | 40 |
| گنبد خضریٰ کے دامن کی ہوا مانگی ہے | 41 |
| آ گئے مصطفیٰ ﷺ | 42 |
| میری الفت مدینے سے یونہی نہیں | 43 |
| حضور ﷺ ایسا کوئی انتظام ہو جائے | 44 |
| مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے | 45 |
| بولو نعرہ رسالت یارسول اللہ ﷺ | 46 |
| دھوم مچا دو آمد کی آ گئے سرکار ﷺ | 47 |
| روک لیتی ہے آپ کی نسبت | 49 |
| محبوب کی محفل کو محبوب سجاتے ہیں | 50 |
| کرم کی اک نظر ہم پر خدارا یارسول اللہ | 51 |
| کچھ نہیں مانگتا | 52 |
| میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ | 53 |
| صل علیٰ صل علیٰ صل علیٰ پڑھو | 55 |
| جشن آمد رسول ﷺ | 57 |
| پکارو یارسول اللہ ﷺ | 58 |
| دید کراؤ مکی مدنی ﷺ | 61 |
| کیسا لگے گا | 62 |
| ہم بھی مدینے جائیں گے | 63 |
| میرے نبی ﷺ صل علیٰ | 64 |
| ہو مبارک اہل ایماں عید میلاد النبی ﷺ | 66 |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| میرا دل اور میری جان مدینے والے | 67 |
| وہ کیسا سماں ہوگا | 68 |
| خسروی اچھی لگی نہ سروری اچھی لگی | 69 |
| چہرہ والضحیٰ تیرا | 70 |
| پیارے محمد ﷺ آئے | 72 |
| مجھ کو دنیا کی دولت نہ زر چاہیے | 74 |
| یا نبی ﷺ مجھ کو بلانا بار بار | 75 |
| مدینے جب میں پہنچوں | 76 |
| گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت | 77 |
| حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے | 78 |
| گھٹائیں غم کی چھائیں دل پریشان | 79 |
| ان کی مہک نے دل کے | 80 |
| میرا دل تڑپ رہا ہے | 81 |
| بلالو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں | 82 |
| یا رب محمد ﷺ میری تقدیر جگا دے | 83 |
| اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی | 84 |
| آمد رمضان ہے | 85 |
| الوداع اے ماہ رمضان الوداع | 86 |
| اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے | 87 |
| تیرا کھاواں میں تیرے گیت گاواں | 88 |
| ساڈے دل سوہنیا | 89 |
| طٰہٰ دی شان والیا | 90 |
| میرا مدنی آقا ﷺ دکھی دلاں دا سہارا | 91 |
| جس نے مدینے جانا کرلو تیاریاں | 92 |
| میں لج پالاں دے لڑ لگیاں | 93 |
| لے چل کدی خدایا سرکار دے بوہے | 94 |
| اکھیں سوہنے نوں وائے نی | 95 |
| دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا | 96 |
| کلام باہو | 97 |
| کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے | 99 |
| سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں | 100 |
| اج سک متراں دی ودھیری اے | 101 |
| جو شہر مدینے جائے گا | 103 |


## الحاج عبدالرؤف روفی کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں


| | |
|---|---|
| قصیدہ بردہ شریف | 104 |
| سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ | 105 |
| جو مدینے جاتے ہیں | 107 |
| خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا | 108 |
| اللہ نے پہنچایا سرکار کے قدموں میں | 109 |
| المدینہ چل مدینہ | 110 |
| دلوں میں دھڑکن نبی کی ثناء سے | 112 |
| شہر مدینہ ایسا ہے | 113 |
| میرا حسین باغ نبوت کا پھول ہے | 114 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| خدائی رب کی نبی ﷺ کی رحمت | 115 |
| لوٹے تیری خوشبو کے مزے | 116 |
| کوئی ہاتھ تھامے ہوئے | 117 |
| مدینہ چھوڑ کر جائیں گے کیسے | 118 |
| محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا | 119 |
| مانگتی ہوں تجھ سے بخشش | 120 |
| کھلا ہے سبھی کیلئے باب رحمت | 121 |
| بے خود کئے دیتے ہیں انداز حجابانہ | 122 |
| صل اللہ یا محمد تیرے ناز اٹھائے اللہ نے | 123 |
| میں مدینے جاؤں گا | 124 |
| جلوے دیکھو طور کے | 125 |
| سوئے طیبہ جانے والو | 126 |
| غلام ہیں غلام ہیں رسول کے غلام ہیں | 127 |
| میں سجدہ کروں یا کہ دل کو سنبھالوں | 128 |
| ہے شہد سے بھی میٹھا | 129 |
| عجب رنگ پر ہے بہار مدینہ | 130 |
| میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے | 131 |
| جتنا دیا سرکار ﷺ نے مجھ کو | 132 |
| میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں | 133 |
| مرحبا یا رسول اللہ ﷺ | 134 |
| رباعی مع لجپال مدینہ | 135 |
| صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی | 136 |
| لم یات نظیرک | 137 |
| جھولے جھولے پیارے محمد ﷺ | 138 |
| یارب اپنی طاقت پا جاندا میں | 139 |
| صل علیک یا محمد ﷺ | 140 |
| مدینے دیاں پاک گلیاں | 141 |
| اللہ دے حبیب ﷺ نال پیار ہونا چاہیدا | 142 |
| در مصطفیٰ ﷺ دی گدائی | 143 |
| کرم دا جدوں تک اشارہ نہ ہوندا | 144 |
| کریئے عید مدینے دی | 145 |
| نرالے محمد ﷺ دا دروی نرالا | 147 |
| سدلو ہن سرکار ﷺ مدینہ | 148 |
| نبی دی شاناں توں میں لکھ وار واری آں | 149 |
| اکھیاں وچ سوہنے ماہی دی | 150 |
| میں مدینے چلی آں | 151 |
| ایتھے دل نئیں لگدا یار | 153 |


## سیّد فصیح الدین سہروردی کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں


| | |
|---|---|
| ذکر کلمہ شریف | 154 |
| کوئی سلیقہ ہے آرزو کا | 155 |
| گھٹاؤ پھول برساؤ مدینہ یاد آیا ہے | 156 |
| سارے نبیوں کے عہدے بڑے ہیں | 157 |
| گذر ہو جائے میرا بھی | 158 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| میرے دل میں ہے یاد محمد ﷺ | 159 |
| نہ کلیم کا تصور نہ خیال طور سینا | 160 |
| یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ میں کہتا رہا | 161 |
| طیبہ کی ہے یاد آئی | 162 |
| بگڑی بھی بنائیں گے | 163 |
| یہ در حبیب کی بات ہے | 164 |
| نگاہ لطف کرم کے امیدوار ہم بھی ہیں | 165 |
| دل درد سے بسمل کی طرح | 166 |
| رخ پہ رحمت کا جھومر سجا ہے | 167 |
| روئے بدر الدجی دیکھتے رہ گئے | 167 |
| نام محمد ﷺ کتنا میٹھا لگتا ہے | 168 |
| پہلے سرکار کی محفل کو سجانا ہوگا | 169 |
| اے عشق نبی میرے دل میں بھی سما جانا | 170 |
| اے سبز گنبد والے | 171 |
| سیر گلشن کو دیکھے | 172 |
| بڑی امید ہے | 173 |
| چھوڑ فکر دنیا کی | 174 |
| منگتے ہیں کرم ان کا صدا مانگ رہے ہیں | 175 |
| کرم دی اک نظر ہووے مدینے والیا شاہا | 176 |
| میں فقیر ہاں تیرے شہر دا | 177 |
| چنگیاں چنگیاں نال لالویاریاں | 178 |
| در تے کھڑا غلام بڑی دیر ہوگئی | 179 |
| بناں یار گزارا نہیں ہونا | 180 |
| مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول کملی والیا | 181 |


## الحاج مرغوب احمد ہمدانی کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں


| | |
|---|---|
| واہ کیا جود کرم | 183 |
| وہ کمال حسن حضور ﷺ ہے | 186 |
| دشمن احمد پہ شدت کیجئے | 188 |
| دلا غافل نہ ہو یک دم | 190 |
| قطرہ مانگے جو کوئی | 191 |
| فلک کے نظارو | 192 |
| لب پہ صل علیٰ کے ترانے | 193 |
| یوں تو سارے نبی محترم ہیں مگر | 194 |
| ہر سمت برستی ہوئی | 195 |
| ہر لحظہ رحمت کی | 196 |
| جب مسجد نبوی کے مینار نظر آئے | 197 |
| کملی والے ﷺ کا دامن | 198 |
| مرحبا سرور کونین ﷺ مدینے والے | 199 |
| بزم کونین سجانے کیلئے آپ ﷺ آئے | 200 |
| ہم در آقا ﷺ پہ سر اپنا جھکا لیتے ہیں | 201 |
| آئی پھر یاد مدینے کی رُلانے کیلئے | 202 |
| اللہ اللہ شہ کونین میں جلالت تیری | 203 |
| دل میں ہو یاد تیری | 204 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| بلغ العلی بکمالہ | 205 |
| معراج کی رتیا دھوم یہ تھی | 206 |
| جی کردا مدینے دیا سائیاں | 207 |
| ذکر نبی ﷺ دا کردیاں رہنا چنگا لگدا اے | 208 |
| نئیں کوئی اوقات او گنہاردی | 209 |
| عرشاں اتے جاون والا | 210 |
| آمنہ دے گھر آون والا | 211 |
| سدلو مدینے آقا ﷺ | 212 |
| ہنجواں دے ہار پھلاں دے | 213 |
| سب دے درد ونڈاون والا | 214 |


## قاری شاہد محمود قادری کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں


| | |
|---|---|
| سرکار ﷺ جیہا سوہنا | 215 |
| سب ناواں توں سوہنا نام | 216 |
| ہر شے خدا نے بنائی اے | 218 |
| سارے مل مارو نعرہ علی علی | 219 |
| مدینے دے راہی | 220 |
| چل نبی ﷺ دے در تے | 222 |
| سوہنا نام لکھ دے | 224 |
| توڑ کے جہان دیاں سنگتاں ایہہ ساریاں | 225 |
| ماں دی شان دکھ دنیا دے گھیر الیندے پا | 226 |
| مائیں نی مائیں | 227 |
| ماں دی عظمت | 228 |
| دھپ دی چھاں ورگی | 230 |
| ماں ماں ایں | 231 |
| یارسول اللہ ﷺ | 232 |
| میری بات بن گئی ہے | 233 |
| ہمیں وہ اپنا کہتے ہیں | 234 |
| خاک مجھ میں کمال رکھا ہے | 235 |
| یادِ مصطفیٰ ﷺ ایسی بس گئی ہے سینے میں | 236 |
| میرے آقا ﷺ آؤ کے مدت ہوئی ہے | 237 |
| تیرے روضے تے آواں میں | 238 |
| اللہ اللہ کریئے تاں گل بن دی اے | 240 |


## حافظ عبدالسلام قادری قصوری کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں


| | |
|---|---|
| مشکل میں جب حضور ﷺ کو مشکل کشا کہا | 241 |
| کملی والا ﷺ آ گیا | 243 |
| ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا مدینے دی | 244 |
| چند کھجوریں جو کی روٹی | 245 |
| عرس اور برسی | 246 |
| منکرین میلاد کی الٹی گنگا | 247 |
| یارسول اللہ ﷺ کا نعرہ گونجتا ہے | 248 |
| منکر حدیث کون؟ | 251 |
| نعرہ رسالت ﷺ | 252 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| محمد انور کی بستی ہے | 254 |
| صدائیں صلوٰۃ والسلام کی | 255 |
| پیرانور شاہا | 256 |
| نواں فرقہ | 257 |
| داڑھی سنت ہے سارے نبیاں دی | 258 |
| وہ شمع اجالا جس نے کیا | 259 |
| عقل تے عشق دا جھگڑا | 260 |
| کربلائی جھوک | 262 |
| کربلا چہ آکے | 263 |
| سوہرے گھر یعنی موت دا سفر | 265 |
| جس طرف دیکھئے گلشن بہار آئی ہے | 267 |
| کلام بلھے شاہ | 268 |
| بن جا توں وی یار | 269 |
| اوہ دولت کون منگدا اے | 270 |
| تیرے دردیاں سوہنیا فضاواں سوہنیاں | 271 |
| ذرہ ذرہ ہستی دا حضور نوں جان دا | 272 |
| کونین دے والی دا گھر بار بڑا سوہنا | 274 |
| تیرا او سدا رہوے دربار مدینے والڑیا | 275 |
| اللہ دے حبیبا ﷺ | 276 |
| مینوں مجبوریاں تے دوریاں نے ماریا | 277 |
| منگتوں کو سلطان بنایا | 278 |
| برسات مدینے وچ | 279 |
| حبیب خدا ﷺ کا نظارہ کروں میں | 280 |
| میرے نبی ﷺ پیارے نبی ﷺ | 281 |


## سلام بحضور سرور کائنات ﷺ


| | |
|---|---|
| اے شہنشاہ مدینہ الصلوٰۃ والسلام | 282 |
| سلطان کربلا کو ہمارا سلام ہو | 283 |
| سلطان اولیاء کو ہمارا سلام ہو | 284 |
| اے صبا مصطفیٰ ﷺ سے کہہ دینا | 285 |
| صبا در مصطفیٰ ﷺ تے جا کے | 286 |
| مصطفیٰ ﷺ جان رحمت پہ لاکھوں سلام | 287 |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## انتساب

پیر محمد انور عالی مقام کی
رکھیں خبر ہمیشہ ہر اپنے غلام کی

بصد عجز و نیاز

حضور قبلہ عالم سیدی و مرشدی قدوۃ الاولیاء امام
العرفاء شہزادۂ غوث الوریٰ نقیب الاشراف ابوالحسنین

# پیر سیّد محمد انور شاہ الگیلانی

القادری البغدادی

سجادہ نشین دربار عالیہ غوثیہ قادریہ بغدادیہ سدرہ شریف

اور

اپنے والد گرامی حضور قبلہ عالم باعمل حضرت علامہ مولانا

# قاری صوفی غلام حسین قادری بغدادی

کے نام منسوب کرتا ہوں

عبدالرحمٰن رضا قادری قصوری
خادم آستانہ عالیہ غوثیہ قادریہ بغدادیہ
سدرہ شریف ڈیرہ اسماعیل خان

Marfat.com

# تقریظ

اُستاد العلماء حضرت علامہ مولانا حضور قبلہ مفتی غلام حسن قادری
مفتی مرکزی دار العلوم حزب الاحناف گنج بخش روڈ لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

منشا یہی ہے سلسلۂ قیل و قال کی
ہوتی رہے تعریف تیرے حسن و جمال کی

برخوردار، عزیزم عبدالرحمٰن رضا قادری متعلم مرکزی دار العلوم حزب الاحناف کا ترتیب دیا ہوا نعتیہ مجموعہ ''انوارِ مدینہ'' (نعتوں کی ڈائری) باصرہ نواز ہوا۔ ماشاء اللہ بہت عمدہ کلام کا انتخاب کیا گیا ہے نعتیہ ذوق رکھنے والے حضرات کیلئے اس میں نعتوں کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے اور ان کو نعت کی کئی کتابوں سے یہ مجموعہ مستغنی کر دے گا۔ (انشاء اللہ)

اللہ تعالیٰ مرتب کی اس کاوش کو دربار رسالت مآب علیہ الصلوات والتسلیمات میں قبول و منظور فرمائے۔ آمین ثم آمین بحرمۃ طٰہٰ و یٰسٓ سید الانبیاء والمرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم

؎ اعظم میری زبان کہاں اور کہاں وہ ذات
نام اپنا ان کے ذکر سے چمکا رہا ہوں

قاری غلام حسن قادری
مرکزی دار العلوم حزب الاحناف لاہور
۲۰۰۵-۱۲-۲ بروز جمعۃ المبارک

Marfat.com

# تقریظ

زینت القرآء نجم القرآء ثناء خوان مصطفیٰ بلبلِ چمنستان مدینہ

## قاری خورشید الحسن نعیمی دنیا پور ملتان شریف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عزیزم جناب عبدالرحمٰن رضا قادری متعلم مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف نے نعتوں کا انتخاب جدید طریقے سے کیا ہے۔ جس میں الحاج محمد اویس رضا قادری، پروفیسر عبدالرؤف رؤفی، الحاج مرغوب احمد ہمدانی، قاری شاہد محمود قادری، اور حافظ عبدالسلام قادری کی پڑھی ہوئی مشہور نعتیں اکٹھی کیں۔ اور کتابی شکل میں بنایا۔

دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی صلاحیتوں میں مزید نکھار پیدا فرمائے، اور اس کی اولین کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الکریم

قاری خورشید الحسن نعیمی
آف دنیا پور ملتان شریف
۲۰۰۵-۱۲-۵ بروز پیر
0300-4598090

Marfat.com

## الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

میرے تن پہ غفلت کی چادر پڑی ہے
نحوست گناہوں کی چھائی ہوئی ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

یہی بات ہم نے بڑوں سے سنی ہے
نہ ہو بندگی گر تو کیا زندگی ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

اے ابر کرم آ برس جا برس جا
عجب آگ عصیاں کی مجھ میں لگی ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

نہیں پاس حسن عمل میرے مولیٰ
نظر میری تیرے کرم پر لگی ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

عبید رضا نیکیوں سے ہے خالی
گناہوں میں حاصل اسے برتری ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

محبت میں اپنی گما یاالٰہی
نہ پاؤں میں اپنا پتہ یاالٰہی
خطاؤں کو میری مٹا یاالٰہی
میری نیک خصلت بنا یاالٰہی

میرے دل سے دنیا کی الفت مٹا دے
مجھے اپنا عاشق بنایا الٰہی جل جلالہ
میرے کاش گرتے رہیں اشک ٹپ ٹپ
تیرے خوف سے یا خدا یا الٰہی جل جلالہ

تو اپنی ولایت کی خیرات دے دے
میرے غوثؓ کا واسطہ یاالٰہی جل جلالہ
تیرے خون سے تیرے ڈر سے ہمیشہ
میں تھر تھر رہوں کانپتا یا الٰہی جل جلالہ

سدا پیر و مرشد رہیں مجھ سے راضی
کبھی بھی نہ ہوں یہ خفا یا الٰہی جل جلالہ
مجھے سنیت پر تو دے استقامت
پئے شاہ احمد رضا یا الٰہی جل جلالہ

جو روتے ہیں ہجر مدینہ میں ان کو
مدینے کی گلیاں دکھایا الٰہی جل جلالہ
مسلماں ہیں عطار تیری عطا ہے
ہو ایماں پر خاتمہ یا الٰہی جل جلالہ

☆☆☆

Marfat.com

# اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْه

یا رسول اللہ ﷺ یا رسول اللہ ﷺ
یا حبیب اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْه صَلَوَاتُ اللّٰهُ عَلَیْه
وَیَنَالُ الْبَرَکَات کُلُّ مَنْ صَلّٰی عَلَیْه
اَلنَّبِیُ یَا حَاضِرِیْن اِعْلَمُوْا عِلْمَ الْیَقِیْن
اَنَّ رَبَّ الْعَالَمِیْن فَرَضٰی صَلّٰی عَلَیْه
اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْه

کعبے کے بدر الدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
شافع روز جزا تم پہ کروڑوں درود
دافع جملہ بلا تم پہ کروڑوں درود

اَلنَّبِیُ یَا مَنْ حَضَر اَلنَّبِیُ خَیْرُ الْبَشَر
مَنْ لَّه، شَقُّ الْقَمَر وَنَزِلُ سَلِّمْ عَلَیْه
اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْه

دل کرو ٹھنڈا مرا وہ کف پا چاند سا
سینے پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درود
ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لاجواب
نام ہوا مصطفیٰ ﷺ تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ ذَاکُ الْعُرُوْس ذِکْرُه، یُحْیِ النُّفُوْس
اَلنَّصَارٰی وَالْمَجُوْس اَسْلَمُوْا عَلٰی یَدَیْه

Marfat.com

اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوا عَلَیہ

بے ہنر و بے تمیز کس کو ہوئے ہیں عزیز
ایک تمہارے سوا تم پہ کروڑوں درود
آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ
سینہ کہ ہے داغ داغ کہہ دو کرے باغ باغ
طیبہ سے آکے صبا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ الْمُصْطَفیٰ اِبْنُ زَمْ زَمْ وَصَفَا
مَنْ تَعَالیٰ شَرُفَا کُلُّکُمْ صَلّی عَلَیہ
اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ، اللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوا عَلَیہ

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں سلام
تم پہ کروڑوں ثناء تم پہ کروڑوں درود
تم ہوا جواد و کریم تم ہو رؤف و رحیم
بھیک ہو داتا عطا تم پہ کروڑوں درود
خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروڑوں درود
نافع و دافع ہو تم شافع و رافع ہو تم
تم سے بس افزوں خدا تم پہ کروڑوں درود
شافی و نافی ہو تم کافی و وافی ہو تم
درد کو کردو دوا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

Marfat.com

برسے کرم کی بھرن پھولے نعم کے چمن
ایسی چلا دو ہوا تم پہ کروڑوں درود
کیوں کہوں بے بس ہوں میں کیوں کہوں بے بس ہوں میں
تم ہو میں تم پر فدا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ ذَاکَ الْمَلِیْح قَوْلُہٗ قَوْلُ صَحِیْح
وَالْقُرْاٰنُ شَیْیءٌ فَصِیْح اَلَّذِیْ اُنْزِلَ عَلَیْہ
اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہ

کر کے تمہارے گناہ مانگیں تمہاری پناہ
تم کہو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درود
ہم نے خطا میں نہ کی تم نے عطا میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود
آنکھ عطا کیجئے اس میں ضیاء دیجئے
جلوہ قریب آگیا تم پہ کروڑوں درود
کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نام رضا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

وَالْحَسَنْ اُمَّ الْحُسَیْن لِلنَّبِیُ رَیْحَانَتَیْن
فَاطِمَہ قُرَّۃُ عَیْن جَدُّھُمْ صَلُّوْا عَلَیْہ
اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہ

Marfat.com

## صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا (قصیدہ نور)

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا
باغ طیبہ میں سُہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا
بارھویں کے چاند کا مجرا ہے سجدہ نور کا
بارہ برجوں سے جھکا ایک اِک ستارا نور کا
آئی بدعت چھائی ظلمت رنگ بدلا نور کا
ماہِ سنت مہر طلعت لے لے بدلا نور کا
تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
بخت جاگا نور کا چمکا ستارا نور کا
میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالا نور کا
نور دن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا
تیری ہی جانب ہے پانچوں وقت سجدہ نور کا
رُخ ہے قبلہ نور کا ابرو ہے کعبہ نور کا
تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا
شمع دِل مِشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لئے آیا ہے سُورۂ نور کا
دیکھنے والوں نے کچھ دیکھا نہ بھالا نور کا
مَـــــــنْ رَّاٰی کیسا؟ یہ آئینہ دکھایا نور کا

Marfat.com

ناریوں کا دور تھا دل جل رہا تھا نور کا
تم کو دیکھا ہوگیا ٹھنڈا کلیجا نور کا

جو گدا دیکھو لیے جاتا ہے توڑا نور کا
نور کی سرکار ہے کیا اِس میں توڑا نور کا

نور کی سرکار سے پایا دو شالہ نور کا
ہو مبارک تم کو ذوالنّورین جوڑا نور کا

قبر انور کہیے یا قصرِ معلیٰ نور کا
چرخِ اطلس یا کوئی سادہ سا قبہ نور کا

آنکھ مل سکتی نہیں در پر ہے پہرا نور کا
تاب ہے بے حکم پَر مارے پرندہ نور کا

انبیاء اجزا ہیں تو بالکل ہے جملہ نور کا
اس علاقے سے ہے ان پر نام سچا نور کا

عکس سم نے چاند سورج کو لگائے چار چاند
پڑ گیا سیم و زرِ گردوں پہ سکہ نور کا

چاند جھک جاتا جدھر اُنگلی اٹھاتے مہد میں
کیا ہی چلتا تھا اِشاروں پر کھلونا نور کا

کٓ گیسو ہٰ دہن یٰ ابرو آنکھیں عٓ صٓ
کٓھیٰعٓصٓ ان کا ہے چہرہ نور کا

اے رضا یہ احمدِ نوری کا فیضِ نور ہے
ہوگئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا

☆☆☆

Marfat.com

# نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشیِ رحمت کا قلمدان گیا

لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
میرے مولیٰ مرے آقا ﷺ ترے قربان گیا

آہ وہ آنکھ کہ ناکامِ تمنا ہی رہی
ہائے وہ دل جو ترے در سے پُراَرمان گیا

دل ہے وہ دل جو تری یاد سے معمور رہا
سر ہے وہ سر جو ترے قدموں پہ قربان گیا

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
لِلّٰہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

اور تم پر مرے آقا ﷺ کی عنایت نہ سہی
نجدیو! کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آج لے اُن کی پناہ آج مدد مانگ اُن سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

اُف رے منکر یہ بڑھا جوش تعصب آخر
بھیڑ میں ہاتھ سے کم بخت کے ایمان گیا

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضؔا سارا تو سامان گیا

☆☆☆

Marfat.com

# وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جو ترے در سے یار پھرتے ہیں
در بدر یوں ہی خوار پھرتے ہیں

آہ کل عیش تو کیے ہم نے
آج وہ بے قرار پھرتے ہیں

ان کے ایما سے دونوں باگوں پر
خیلِ لیل و نہار پھرتے ہیں

ہر چراغِ مزار پر قدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

اُس گلی کا گدا ہوں میں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

جان ہیں جان کیا نظر آئے
کیوں عدو گردِ غار پھرتے ہیں

پھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشتِ طیبہ کے خار پھرتے ہیں

لاکھوں قدسی ہیں کام خدمت پر
لاکھوں گردِ مزار پھرتے ہیں

وردیاں بولتے ہیں ہر کارے
پہرہ دیتے سوار پھرتے ہیں

Marfat.com

رکھیے جیسے ہیں خانہ زاد ہیں ہم
مول کے عیب دار پھرتے ہیں

ہائے غافل وہ کیا جگہ ہے جہاں
پانچ جاتے ہیں چار پھرتے ہیں

بائیں رستے نہ جا مسافرِ سن
مال ہے راہ مار پھرتے ہیں

جاگ سنسان بن ہے رات آئی
گرگ بہرِ شکار پھرتے ہیں

نفس یہ کوئی چال ہے ظالم
جیسے خاصے بجار پھرتے ہیں

کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضاؔ
تجھ سے کتے ہزار پھرتے ہیں

Marfat.com

# ہے کلام الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم

ہے کلامِ الٰہی میں شمس و ضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شبِ تار میں راز یہ تھا کہ حبیب ﷺ کی زُلفِ دوتا کی قسم

ترے خُلق کو حق نے عظیم کہا تری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہو گا شہا ترے خالقِ حُسن و ادا کی قسم

وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلامِ مجید نے کھائی شہا ترے شہر و کلام و بقا کی قسم

ترا مسندِ ناز ہے عرشِ بریں ترا محرم راز ہے روحِ امیں
تو ہی سرورِ ہر دو جہاں ہے شہا ترا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

یہی عرض ہے خالق ارض و سما وہ رسولؐ ہیں تیرے میں بندہ ترا
مجھے ان کے جوار میں دے وہ جگہ کہ ہے خلد کو جس کی صفا کی قسم

تو ہی بندوں پہ کرتا ہے لطف و عطا ہے تجھی پہ بھروسا تجھی سے دعا
مجھے جلوۂ پاک رسول ﷺ دکھا تجھے اپنے ہی عز و علا کی قسم!

مرے گرچہ گناہ ہیں حد سے سوا مگر ان سے اُمید ہے تجھ سے رَجا
تو رحیم ہے اُن کا کرم ہے گواہ وہ کریم ہیں تیری عطا کی قسم

یہی کہتی ہے بلبل باغ جناں کہ رضا کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصفِ شاہِ ہدیٰ مجھے شوخیٔ طبعِ رضا کی قسم

☆☆☆

111299

Marfat.com

# چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے

تمہی فرش سے عرش پر جانے والے
تمہیں نعمت حق سے دلوانے والے
تیرے آگے سب ہاتھ پھیلانے والے
چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے

ہے بے مثل تیرا کرم جان عزت
غلاموں پہ ہر دم ہے تیری عنایت
وہ گلشن ہو صحرا ہو دریا کہ پربت
برستا نہیں دیکھ کر ابر رحمت
بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے

سواری سے اپنی تو جس دم اترنا
مدینے کے زائر ذرا تو سنبھلنا
یہاں تھا میرے مصطفٰے ﷺ کا گذرنا
حرم کی زمیں اور قدم رکھ کر چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

ہیں مکے کے جلوے یہ مانا کہ اچھے
مگر ہیں مدینے کی عظمت کے صدقے
اسے تو ہے نسبت میرے مصطفٰے سے
مدینے کے خطے خدا تجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے

Marfat.com

اے مشکل کشا کیجئے مشکل کشائی
تڑپ کہ جو میں نے صدا یہ لگائی
آقا ﷺ کی رحمت یہ پیغام لائی
اب آئی شفاعت کی ساعت اب آئی
ذرا چین لے میرے گھبرانے والے

کبھی غوث و خواجہ کے ناموں سے الجھیں
درودوں سے الجھیں سلاموں سے الجھیں
صحیح العقیدہ اماموں سے الجھیں
تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

کبھی غوثؒ خواجہؒ کے نعروں سے الجھیں
کبھی اولیاء کے مزاروں سے الجھیں
یہ کھا کر نیازیں نیازوں سے الجھیں
تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

یہ نجدی منافق یہ گندہ ہے واللہ
غلاظت کا بلکہ پلندہ ہے واللہ
جو مردہ کہے تجھ کو وہ مردہ ہے واللہ
تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مرے چشمِ عالم سے چھپ جانے والے

غلام نبی ﷺ خلد میں جا بسے گا
جہنم میں نجدی منافق جلے گا
جو سنی ہے وہ تو ہمیشہ کہے گا

Marfat.com

رہے گا یونہی ان کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہو جائے جل جانے والے

صدا گیت ان کی محبت کے گانا
جگر منکروں کے یونہی تم جلانا
عبید رضا ان سے دھوکہ نہ کھانا
رضاؔ نفس دشمن ہے دم میں نہ آنا
کہاں تم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

☆☆☆

Marfat.com

# سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے

خرماں نصیب ہوں تجھے اُمید گہ کہوں
جانِ مراد و کانِ تمنا کہوں تجھے

گلزارِ قدس کا گل رنگیں ادا کہوں
درمانِ دردِ بلبل شیدا کہوں تجھے

صبح وطن پہ شامِ غریباں کو دُوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسم منور کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلا کہوں تجھے

بے داغ لالہ یا قمر بے کلف کہوں
بے خار گلبنِ چمن آراء کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیع روزِ جزا کا کہوں تجھے

اِس مردہ دل کو مژدہ حیاتِ ابد کا دوں
تاب و توانِ جانِ مسیحا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ انکے ثناخواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رِضا نے ختم سخن اِس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

Marfat.com

# عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رُسولُ اللہ ﷺ کی

عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رُسولُ اللہ ﷺ کی
دیکھنی ہے حشر میں عزت رسولُ اللہ ﷺ کی

قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہو گی جب طلعت رسولُ اللہ ﷺ کی

کافروں پر تیغ والا سے گری برقِ غضب
ابر برسا چھا گئی ہیبت رسولُ اللہ ﷺ کی

لاَ وَرَبِّ الْعَرْش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسولُ اللہ ﷺ کی

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسولُ اللہ ﷺ کی

سورج اُلٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسولُ اللہ ﷺ کی

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دور ہو
ہم رَسولُ اللہ کے جنت رسولُ اللہ ﷺ کی

ذکر رو کے فضل کاٹے نقص کا جو یاں رہے
پھر کہے مردک کہ ہوں اُمت رسولُ اللہ ﷺ کی

نجدی اُس نے تجھکو مہلت دی کہ اس عالم میں ہے
کافر و مرتد پہ بھی رحمت رسولُ اللہ ﷺ کی

ہم بھکاری وہ کریم اُن کا خدا اُن سے فزوں
اور نہ کہنا نہیں عادت رسولُ اللہ ﷺ کی

Marfat.com

اہلسنّت کا ہے بیڑا پار اصحابِ حضور ﷺ
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ ﷺ کی

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ ﷺ کی

ٹوٹ جائیں گے گنہ گاروں کے فوراً قید و بند
حشر کو کھل جائیگی طاقت رسول اللہ ﷺ کی

یارب اک ساعت میں دھل جائیں سیہ کاروں کے جرم
جوش میں آ جائے اب رحمت رسول اللہ ﷺ کی

ہے گل باغِ قدُس رخسار زیبائے حضور!
سروِ گلزارِ قدم قامت رسول اللہ ﷺ کی

اے رضا خود صاحبِ قرآں ہے مداحِ حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ ﷺ کی

☆☆☆

Marfat.com

# پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے

پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کیلئے دریا بہاتے جائیں گے

کشتگانِ گرمی محشر کو وہ جانِ مسیح
آج دامن کی ہوا دے کر جلاتے جائیں گے

گل کھلے گا آج یہ اُن کی نسیم فیض سے
خون روتے آئیں گے ہم مسکراتے جائیں گے

ہاں چلو حسرت زدو سنتے ہیں وہ دن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دکھاتے جائیں گے

آج عیدِ عاشقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ
ابروئے پیوستہ کا عالم دکھاتے جائیں گے

کچھ خبر بھی ہے فقیر و آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمتِ خلد اپنے صدقے میں لٹاتے جائیں گے

خاک افتاد و بس اُن کے آنے ہی کی دیر ہے
خود وہ گر کر سجدہ میں تم کو اُٹھاتے جائیں گے

وسعتیں دی ہیں خدا نے دامنِ محبوب ﷺ کو
جرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے

لو وہ آئے مسکراتے ہم اسیروں کی طرف
خرمن عصیاں پر اب بجلی گراتے جائیں گے

Marfat.com

آنکھ کھولو غمزدو دیکھو وہ گریاں آئے ہیں
لوحِ دل سے نقشِ غم کو اب مٹاتے جائیں گے

سوختہ جانوں پہ وہ پرجوش رحمت آئے ہیں
آبِ کوثر سے لگی دل کی بجھاتے جائیں گے

آفتاب اُن کا ہی چمکے گا جب اوروں کے چراغ
صرصرِ جوشِ بلا سے جھلملاتے جائیں گے

پائے کوباں پل سے گزریں گے تری آواز پر
رَبِّ سَلِّمْ کی صدا پر وجد لاتے جائیں گے

سرورِ دیں لیجئے اپنے ناتوانوں کی خبر
نفس و شیطاں سیدا کب تک دباتے جائیں گے

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولیٰ کی دھوم
مثلِ فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضاؔ
دم میں جب تک دم ہے ذکر اُن کا سناتے جائیں گے

☆☆☆

Marfat.com

## نور والا آیا ہے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
جب تلک یہ چاند تارے جھلملاتے جائیں گے
تب تلک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے
ان کے عاشق نور کی شمعیں جلاتے جائیں گے
جبکہ حاسد بڑبڑاتے دل جلاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
نعت محبوب خدا ﷺ سنتے سناتے جائیں گے
یا رسول اللہ ﷺ کا نعرہ لگاتے جائیں گے
حشر تک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے
مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ کی دھوم مچاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ

چار جانب ہم دیئے گھی کے جلاتے جائیں گے
گھر تو گھر سارے، محلے کو سجاتے جائیں گے
ہم ربیع النور میں جھنڈے ہرے لہرائیں گے
ساری گلیاں روشنی سے جگمگاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
عید میلاد النبی ﷺ کی شب چراغاں کرکے ہم
قبر نور مصطفیٰ ﷺ سے جگمگاتے جائیں گے
ہم جلوس جشن میلاد النبی ﷺ میں جھوم کر
راستے بھر مرحبا کی دھوم مچاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
تم کرو جشن ولادت کی خوشی میں روشنی
وہ تمہاری گور تیرہ جگمگاتے جائیں گے
دو جہاں کے شاہ کی شاہی سواری آئی
رحمتوں کے وہ خزانے اب لٹاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے

Marfat.com

سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
آ رہے ہیں شافع محشر ﷺ اٹھو اے عاصیو
ہم گنہگاروں کو حق سے بخشواتے جائیں گے
ہوگئی صبح بہاراں کیف آور ہے سماں
خوش نصیبوں کو وہ اب جلوہ دکھاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
صبح صادق ہوگئی سب آمنہ کے گھر چلیں
نور کی برسات ہوگی ہم نہاتے جائیں گے
ذکر میلاد مبارک کیسے چھوڑیں ہم بھلا
جن کا کھاتے ہیں انہیں کے گیت گاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
منعقد کرتے رہیں گے اجتماع ذکر ونعت
دھوم ان کی نعت خوانی کی مچاتے جائیں گے
کرلو نیت خوب کوشش کرکے ہم اپنا عمل

Marfat.com

"مدنی انعامات" پر ہر دم بڑھاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
کرلو نیت سنتوں کی تربیت کے واسطے
قافلوں میں ہم سفر کرتے کراتے جائیں گے
خوب برسیں گی جنازے پر خدا کی رحمتیں
قبر تک سرکار ﷺ کی نعتیں سناتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
حشر میں زیرِ لوائے حمد اے عطار ہم
نعت سلطان مدینہ ﷺ گنگناتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# چاہت رسول ﷺ کی

کیونکر نہ میرے دل میں ہو الفت رسول ﷺ کی
جنت میں لے کے جائے گی چاہت رسول ﷺ کی

چلتا ہوں میں بھی قافلے والو رکو ذرا
ملنے دو بس مجھے بھی اجازت رسول ﷺ کی

پوچھیں جو دین و ایمان نکیریں قبر میں
اس وقت میرے لب پہ ہو مدحت رسول ﷺ کی

قبر میں سرکار ﷺ آئیں تو میں قدموں میں گروں
گر فرشتے بھی اٹھائیں تو میں ان سے یوں کہوں

اب تو پائے ناز سے میں اے فرشتو کیوں اٹھوں
مر کے پہنچا ہوں یہاں اس دلربا کے واسطے

تڑپا کے ان کے قدموں میں مجھ کو گرا دے شوق
جس وقت ہو لحد میں زیارت رسول ﷺ کی

سرکار ﷺ نے بلا کے مدینہ دکھا دیا
ہوگی نصیب مجھ کو شفاعت رسول ﷺ کی

یا رب دکھا دے آج کی شب جلوۂ حبیب ﷺ
اک بار تو عطا ہو زیارت رسول ﷺ کی

جنت تو ان کے صدقے میں مل جائے گی مگر
اے کاش ہو نصیب رفاقت رسول ﷺ کی

تو ہے غلام ان کا عبیدِ رضا تیرے
محشر میں ہوگی ساتھ حمایت رسول ﷺ کی

کیونکر نہ میرے دل میں ہو الفت رسول ﷺ کی
جنت میں لے کے جائے گی چاہت رسول ﷺ کی

Marfat.com

# میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

دھوم ان کی نعت خوانی کی مچاتے جائیں گے
یا رسول اللہ ﷺ کا نعرہ لگاتے جائیں گے
نعت خوانی موت بھی ہم سے چھڑا سکتی نہیں
قبر میں بھی مصطفیٰ ﷺ کے گیت گاتے جائیں گے

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

کتنا بڑا ہے مجھ پہ یہ حسان مصطفیٰ ﷺ
کہتے ہیں لوگ مجھ کو ثناء خوان مصطفیٰ ﷺ
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

نعت خوانی کا مزہ نس نس میں ایسا چھا گیا
قبر میں بھی گیت عبید ہم مصطفیٰ ﷺ کے گائیں گے

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

کوئی گفتگو ہو لب پر تیرا نام آگیا ہے
تیرا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آگیا ہے
جسے پی کے شیخ سعدی بَلَغَ الْعُلٰی پکارے
میرے دستِ ناتواں میں وہی جام آگیا ہے
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

جتنا دیا سرکار ﷺ نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے ان کا ورنہ مجھ میں تو ایسی بات نہیں
تو بھی وہیں پر جا اس در پہ سب کی بگڑی بنتی ہے
اک تیری تقدیر جگانا ان کیلئے کچھ بات نہیں
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

تیرا وصف بیاں ہو کس سے تیری کون کرے گا بڑائی
اس گرد سرف میں گم ہے جبرئیل امیں کی رسائی

اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداح حضور
تجھ سے پھر ممکن ہے کب مدحت رسول اللہ ﷺ کی

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

غم نہیں چھوڑ دے یہ سارا زمانہ مجھ کو
میرے آقا ﷺ تو ہیں سینے سے لگانے کیلئے
بخش دی نعت کی دولت میرے آقا نے مجھے
کتنا پیارا ہے وسیلہ سرکار کو پانے کیلئے

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

سینے میں بھرا ہے تیری نعتوں کا خزانہ
عالم میں لٹاتا ہوں کمائی تیرے در کی
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی
نہیں سن کے دل شاد ہوتا رہے گا

Marfat.com

خدا اہلسنّت کو آباد رکھے
محمد ﷺ کا میلاد ہوتا رہے گا

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

آواز عبید تیری بفیضان نعت ہی
سینوں میں عاشقانِ نبی ﷺ کے اتر گئی

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

## حاجیو آؤ شہنشاہ ﷺ کا روضہ دیکھو

حاجیو آؤ شہنشاہ ﷺ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبہ کا کعبہ دیکھو

رُکنِ شامی سے مٹی وحشت شامِ غربت
اب مدینہ کو چلو صبحِ دل آرا دیکھو

آبِ زمزم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ جودِ شہِ کوثر کا بھی دریا دیکھو

زیرِ میزاب ملے خوب کرم کے چھینٹے
اَبرِ رحمت کا یہاں زور برسنا دیکھو

دھوم دیکھی ہے درِ کعبہ پہ بیتابوں کی
اُنکے مشتاقوں میں حسرت کا تڑپنا دیکھو

مثلِ پروانہ پھرا کرتے تھے جس شمع کے گرد
اپنی اُس شمع کو پروانہ یہاں کا دیکھو

خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلافِ کعبہ
قصرِ محبوب ﷺ کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو

واں مطیعوں کا جگر خوف سے پانی پایا
یاں سیہ کاروں کا دامن پہ مچلنا دیکھو

اولیں خانہء حق کی تو ضیائیں دیکھیں
آخریں بیتِ نبی ﷺ کا بھی تجلا دیکھو

زینتِ کعبہ میں تھا لاکھ عروسوں کا بناؤ
جلوہ فرما یہاں کونین کا دولہا دیکھو

Marfat.com

# گنبدِ خضریٰ کے دامن کی ہوا مانگی ہے

گنبدِ خضریٰ کے دامن کی ہوا مانگی ہے
ہم نے مرنے کی مدینے میں دعا مانگی ہے

زندگی مانگی کسی نے تو کسی نے جنت
ہم فقیروں نے مدینے کی فضا مانگی ہے

المدد یانبی اُمت نے تمہاری تم سے
پیاری چادر کی پناہ بہر خدا مانگی ہے

درد بھڑتا ہی نہیں مٹ جاتا ہے عشرت اس کا
جس نے دربار محمد ﷺ سے شفا مانگی ہے

گنبد خضریٰ کے دامن کی ہوا مانگی ہے
ہم نے مرنے کی مدینے میں دعا مانگی ہے

☆☆☆

Marfat.com

# آ گئے مصطفیٰ ﷺ

آ گئے مصطفیٰ ﷺ آ گئے مصطفیٰ ﷺ
آج دنیا میں خیرالوریٰ ﷺ آ گئے

بزم کونین ﷺ میں ہر طرف شور ہے
مصطفیٰ ﷺ آ گئے مجتبیٰ ﷺ آ گئے

عرش والے مبارک ہیں دینے لگے
فرش والے حبیب خدا ﷺ آ گئے

گیت گاؤں نہ کیوں اپنے لجپال ﷺ کے
میرے غمخوار و حاجت روا ﷺ آ گئے

سر ادب سے بھی رسولوںؑ کے بھی جھک گئے
جس گھڑی سید الانبیاء ﷺ آ گئے

ہر طرف ہے نیازی سماں عید کا
مصطفیٰ ﷺ آ گئے مصطفیٰ ﷺ آ گئے

☆☆☆

Marfat.com

# میری الفت مدینے سے

میری الفت مدینے سے یونہی نہیں
میرے آقا ﷺ کا روضہ مدینے میں ہے
میں مدینے کی جانب نہ کیسے کھچوں
میرا تو دین و دنیا مدینے میں ہے

سرور دو جہاں سے دعا ہے میری
ہو نصیب چشم تر التجا ہے میری
ان کی فہرست میں میرا بھی نام ہو
جن کا روز آنا جانا مدینے میں ہے

پھر مجھے موت سے کوئی خطرہ نہیں
موت کیا زندگی کی بھی پرواہ نہیں
کاش سرکار ﷺ اک بار مجھ سے کہیں
اب تیرا جینا مرنا مدینے میں ہے

عرش اعظم سے اونچی بڑی شان ہے
روضۂ مصطفیٰ ﷺ جس کی پہچان ہے
جس کا ہم پلہ کوئی محلّہ نہیں
ایک ایسا محلّہ مدینے میں ہے

جب نظر سوئے طیبہ روانہ ہوئی
ساتھ دل بھی گیا ساتھ جاں بھی گئی
میں منیر اب رہوں یہاں کس لئے
میرا سارا اثاثہ مدینے میں ہے

☆☆☆

Marfat.com

## حضور ﷺ ایسا کوئی انتظام ہو جائے

حضور ﷺ ایسا کوئی انتظام ہو جائے
سلام کیلئے حاضر غلام ہو جائے

میں پھر سے دیکھ لوں اک بار صبح طیبہ کی
بھلا سے پھر میری دنیا میں شام ہو جائے

تجلیات سے بھرلوں میں اپنا کاسہ جان
کبھی تو اس کی گلی میں قیام ہو جائے

حضور ﷺ آپ جو سن لیں تو بات بن جائے
حضور ﷺ آپ جو کہہ دیں تو کام ہو جائے

مزہ تو جب ہے فرشتے یہ قبر میں کہہ دیں
صبیح مدحت خیرالانام ہو جائے

☆☆☆

Marfat.com

## مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے

مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے
مئے عشق بھی پلانا مدنی مدینے والے

تیری جب کہ دید ہوگی جبھی میری عید ہوگی
مرے خواب میں تم آنا مدنی مدینے والے

مجھے سب ستا رہے ہیں میرا دل دکھا رہے ہیں
تمہیں حوصلہ بڑھنا مدنی مدینے والے

تو ہے بے کسوں کا یاورا ے میرے غریب پرور
ہے سخی تیرا گھرانہ مدنی مدینے والے

تیری فرش پر حکومت تیری عرش پر حکومت
تو شہنشاہ زمانہ مدنی مدینے والے

ملے نزع میں بھی راحت رہوں قبر میں سلامت
تو عذاب سے بچانا مدنی مدینے والے

میری آنے والی نسلیں تیرے عشق میں ہی مچلیں
انہیں نیک تم بنانا مدنی مدینے والے

تیرے در پہ کاش عطؔار رہے ہر گھڑی گرفتار
غم مال سے بچانا مدنی مدینے والے

☆☆☆

Marfat.com

# بولو نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

بولو نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ
آقا ﷺ کیجیے عنایت یارسول اللہ ﷺ

مجھے در پہ پھر بلانا یارسول اللہ ﷺ
مئے عشق بھی پلانا یارسول اللہ ﷺ
میری آنکھ میں سمانا یارسول اللہ ﷺ
بنے دل تیرا ٹھکانہ یارسول اللہ ﷺ

تیری جبکہ دید ہوگی یارسول اللہ ﷺ
جبھی میری عید ہوگی یارسول اللہ ﷺ
میرے خواب میں تم آنا یارسول اللہ ﷺ
بولو نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

میں اگرچہ ہوں کمینہ یارسول اللہ ﷺ
تیرا ہوں شہہ مدینہ یارسول اللہ ﷺ
مجھے سینے سے لگانا یارسول اللہ ﷺ
بولو نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

میرے سب عزیز چھوٹے یارسول اللہ ﷺ
سبھی یار بھی تو روٹھے یارسول اللہ ﷺ
کہیں تم نہ روٹھ جانا یارسول اللہ ﷺ
بولو نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

میرے غوث کا وسیلہ یارسول اللہ ﷺ
رہے شاد سب قبیلہ یارسول اللہ ﷺ
انہیں خلد میں بسانا یارسول اللہ ﷺ
بولو نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# دھوم مچا دو آمد کی آ گئے سرکار ﷺ

دھوم مچا دوؑ مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

مچی ہے دھوم پیمبر کی آمد آمد ہے
حبیب رب اکبر کی آمد آمد ہے

یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے
یہ کون سے شہہ والا کی آمد آمد ہے

دھوم مچا دوؑ مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
انہیں کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں

رسل انہی کا تو مژدہ سنانے آئے ہیں
انہیں کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں

دھوم مچا دوؑ مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

یہی تو سوئے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں

انہیں خدا نے کیا اپنے ملک کا مالک
انہی کے قبضے میں رب کے خزانے آئے ہیں

دھوم مچا دوؑ مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

Marfat.com

جو چاہیں گے جسے چاہیں گے یہ اسے دیں گے
کریم ہیں یہ خزانے لٹانے آئے ہیں

رؤف ایسے ہیں اور یہ رحیم ہیں اتنے
کہ گرتے پڑتوں کو سینے لگانے آئے ہیں

دھوم مچا دو مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

سنو گے لا نہ زبان کریم سے نوری
یہ فیض و جود کے دریا بہانے آئے ہیں

دھوم مچا دو مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# روک لیتی ہیں آپ ﷺ کی نسبت

روک لیتی ہے آپ ﷺ کی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں
یہ کرم ہے حضور ﷺ کا ہم پر آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی
وہی بھرتے ہیں جھولیاں سب کی
آؤ بازار مصطفیٰ ﷺ کو چلیں
کھوٹے سکے جہاں پہ چلتے ہیں

اپنی اوقات صرف اتنی ہے
کچھ نہیں بات صرف اتنی ہے
کل بھی ٹکڑوں پہ ان کے پلتے تھے
اب بھی ٹکڑوں پر ان کے پلتے ہیں

رُخ بدل دوں گا میں چڑھتے ہوئے طوفانوں کا
کیونکہ ساتھ نسبت ہے میرے زیست کے ناموں کی
اب ہمیں کیا کوئی گیرائے گا
جب سہارا گلے لگائے گا

کیونکہ ہم نے خود کو گرا دیا ہے وہاں
گرنے والے جہاں سنبھلتے ہیں

☆☆☆

Marfat.com

# محبوب ﷺ کی محفل محبوب سجاتے ہیں

محبوب ﷺ کی محفل محبوب سجاتے ہیں
آتے ہیں وہی جن کو سرکار ﷺ ملاتے ہیں

وہ لوگ خدا شاہد قسمت کے سکندر ہیں
جو سرور ﷺ عالم کا میلاد مناتے ہیں

بیمار ذرا جانا دربار محمد ﷺ ہیں
وہ جام شفااب بھی بھر بھر کے پلاتے ہیں

جس کا بھری دنیا میں کوئی بھی نہیں والی
اس کو بھی میرے آقا ﷺ سینے سے لگاتے ہیں

اس آس پہ جیتا ہوں کہہ دے کوئی آ کر یہ
چل تجھ کو مدینے میں سرکار ﷺ بلاتے ہیں

آقا ﷺ کی ثناء خوانی دراصل عبادت ہے
ہم نعت کی صورت میں قرآن سناتے ہیں

اللہ کے خزانوں کے مالک ہیں نبی ﷺ سرور
یہ سچ ہے نیازی ہم سرکار ﷺ کا کھاتے ہیں

☆☆☆

Marfat.com

# کرم کی اک نظر ہم پر خدارا یا رسول اللہ ﷺ

کرم کی اک نظر ہم پر خدارا یا رسول اللہ ﷺ
تمہیں ہو بے سہاروں کا سہارا یا رسول اللہ ﷺ

غریبوں کے ہیں داتا بے کسوں کے آپ ﷺ والی ہیں
محبت آپ ﷺ کی ہے دل میں لیکن ہاتھ خالی ہیں

ادھر بھی اپنی رحمت کا اشارہ یا رسول اللہ ﷺ
پکارا ہے مدد کو یا نبی ﷺ ہم بے گناہوں نے

تمہارے در پہ جا کر بھیک مانگی بادشاہوں نے
ہمیں بھی آسرا ہے بس تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

بنا بگڑی ہماری ہم بھی ہیں قسمت کے ماروں میں
تمہیں امت ہے پیاری اور تم اللہ کے پیاروں میں

بچا لو ٹوٹنے سے دل ہمارا یا رسول اللہ ﷺ
کرم کی اک نظر ہم پر خدارا یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# کچھ نہیں مانگتا شاہوں میں شیدا تیرا ﷺ

کچھ نہیں مانگتا شاہوں میں شیدا تیرا ﷺ
اس کی دولت ہے فقط نقشِ کفِ پا تیرا ﷺ

لوگ کہتے ہیں کہ سایہ تیرے ﷺ پیکر کا نہ تھا
میں تو کہتا ہوں جہاں بھر پہ ہے سایہ تیرا ﷺ

ایک بار اور بھی طیبہ سے فلسطین میں آ
راستہ دیکھتی ہے مسجد اقصیٰ تیرا ﷺ

رات بھی ظلمات فروشوں کو گلہ ہے تجھ سے
رات باقی تھی کہ سورج نکل آیا تیرا ﷺ

پورے قد سے جو کھڑا ہوں تو یہ تیرا ﷺ ہے کرم
مجھ کو جھکنے نہیں دیتا ہے سہارا تیرا ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ

میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

کوئی گفتگو ہو لب پر جو تیرا نام آ گیا
تیرا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آ گیا
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

درِ مصطفیٰ ﷺ کا منظر میری چشم تر کے اندر
کبھی صبح آ گیا ہے کبھی شام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

یہ طلب تھی انبیاء کی رخ مصطفیٰ ﷺ کو دیکھے
یہ نماز کا وسیلہ انہیں کام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

جسے پی کے شیخ سعدیؒ بلغ العلیٰ پکارے
میری دست ناتواں میں وہی جام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

Marfat.com

جو سخی ہے شہر بھر کے وہ گدا ہیں ان کے در کے
کہ کرم کا ان کے ہاتھوں میں نظام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

وہ شفیع ہیں مغنی ہیں وہ مجھے بھی بخش دیں گے
سر حشر اس یقیں پہ یہ غلام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

وہ عتیق جس نے محشر میں برپا کیا ہے محشر
وہ کہیں کہ آؤ دیکھو یہ غلام آ گیا
میری دھڑکن میں یا نبی ﷺ میری سانسوں میں یا نبی ﷺ
یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

یہ آرزو نہیں کہ دعائیں ہزار دو
پڑھ کر نبی ﷺ کی نعت لحد میں اتار دو

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

سنتے ہیں جاں کنی کا ہے لمحہ بڑا کٹھن
لے کر نبی ﷺ کا نام لمحہ گزار دو

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

یا رب تیرے محبوب ﷺ کا جلوہ نظر آئے
ہوں جس کی غلامی میں وہ آقا ﷺ نظر آئے

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

جاگوں تو صرف ان کے خیالوں میں گم رہوں
سو جاؤں تو فقط رُخ آقا ﷺ دکھائی دے

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

دیکھا ابھی ابھی ہے نظر نے جمال یار
اے موت مجھ کو تھوڑی سی مہلت ادھار دو

Marfat.com

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

گر جتنا ہے عشق میں لازم یہ شرط ہے
کھیلو اگر یہ بازی تو ہر چیز ہار دو

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

اللہ کے گھر سے ہے رسائی تیرے در تک
اللہ کے گھر تک ہے رسائی تیرے در کی

صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی پڑھو

یہ جان بھی ظہوری نبی ﷺ کے طفیل ہے
اس جان کو حضور ﷺ کے صدقہ اتار دو

☆☆☆

Marfat.com

# جشن آمد رسول ﷺ

جشن آمد رسول ﷺ اللہ ہی اللہ
بی بی آمنہؓ کے پھول اللہ ہی اللہ

جب کے سرکار ﷺ تشریف لانے لگے
حوروں غلاماں بھی خوشیاں منانے لگے

ہر طرف نور کی روشنی چھا گئی
مصطفیٰ ﷺ کیا ملے زندگی مل گئی

اے حلیمہؓ تیری گود میں آ گئے
دونوں عالم کے رسول ﷺ اللہ ہی اللہ

چہرہ مصطفیٰ ﷺ جب دکھایا گیا
جھک گئے تارے اور چاند شرما گیا

حوا مریم بھی خوشیاں منانے لگیں
آمنہ بی بیؓ سب سے یہ کہنے لگی

دعا ہو گئی قبول اللہ ہی اللہ
بی بی آمنہؓ کے پھول اللہ ہی اللہ

شادیانے خوشی کے بجائے گئے
شادی کے نغمے ہر سو سنائے گئے

ہر طرف شور صل علیٰ ہوگیا
آج پیدا حبیب خدا ﷺ ہوگیا

یہ خدا کے ہیں رسول ﷺ اللہ ہی اللہ
بی بی آمنہؓ ے پھول اللہ ہی اللہ

Marfat.com

ان کا سایہ زمیں پر نہ پایا گیا
نور سے نور دیکھو جدا نہ ہوا

ہم کو عابد نبی ﷺ پر بڑا ناز ہے
کیا بھلا میرے آقا ﷺ کا انداز ہے

جس نے روح پر ملی وہ شفا پاک ہے
خاک طیبہ تیری دھول اللہ ہی اللہ

## پکارو یارسول اللہ ﷺ

پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ

نبی کا جھنڈا لے کر نکلو دنیا پر چھاؤ
نبی ﷺ کا جھنڈا امن کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ

پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ

خلد میں ہوگا ہمارا داخلہ اس شان سے
یارسول اللہ ﷺ کا نعرہ ہم لگاتے جائیں گے

یارسول اللہ ﷺ کے نعرہ سے ہم کو پیار ہے
جس نے یہ نعرہ لگایا اس کا بیڑہ پار ہے

خاک ہو جائیں عدو جل کر ہم تو رضا
دم میں جب تک دم ہے ذکر انکا سناتے جائیں گے

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولا کی دھوم
مثل فارس نجف کے قلعے گرائے جائیں گے

Marfat.com

نعت خوانی موت بھی ہم سے چھڑا سکتی ہیں
قبریں بھی مصطفیٰ ﷺ کے گیت گاتے جائیں گے

تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی ﷺ کا جھنڈ گھر گھر میں لہراؤ

پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ

یاحبیب کبریا ﷺ' اھلاو سھلا مرحبا ﷺ
مصطفیٰ و مجتبیٰ ﷺ اھلا و سھلا مرحبا ﷺ

آگئے خیر الوریٰ ﷺ اھلا و سھلا مرحبا
آئے شاہ انبیا ﷺ اھلا و سھلا مرحبا

تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی ﷺ کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ

مومنوں وقت ادب آمد محبوب ﷺ رب ہے
جاں اعداد معطرب ہے آمد شاہ رب ہے

تاجدار انبیاء اھلاً و سھلاً مرحبا
مظہر رب العلیٰ اھلاً و سھلاً مرحبا

آمنہؓ کے دلربا اھلاً و سھلاً مرحبا
حلیمہؓ کے پیا اھلاً و سھلاً مرحبا

تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ
اونچوں میں اونچا نبی ﷺ کا جھنڈا گھر گھر پر لہراؤ

بدلیاں رحمت کی چھائیں بوندیاں رحمت کی آئیں
اب مرادیں دل کی پائیں آمد شاہ عرب ہے

Marfat.com

تاجدار انبیاء اھلاً و سھلاً مرحبا
مرسلین کے پیشوا اھلاً و سھلاً مرحبا
تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ
اونچوں میں اونچا نبی ﷺ کا جھنڈا گھر گھر پر لہراؤ
ابر رحمت چھا گیا ہے کعبہ پہ جھنڈا ہے کھڑا
باب رحمت آج واہ ہے آمد شاہ عرب
یاشہ ارض و سما اھلاً و سھلاً مرحبا
سرور ہر دوسرا اھلاً و سھلاً مرحبا
تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ
اونچوں میں اونچا نبی ﷺ کا جھنڈا گھر گھر پر لہراؤ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
بیت اقصیٰ باب کعبہ برمکان آمنہؓ
نصب پرچم ہو گیا اھلاً و سھلاً مرحبا
چاند سا چمکاتے چہرہ نور برساتے ہوئے
آ گئے بدرالدجی اھلاً و سھلاً مرحبا
آمنہ کے گھر آقا ﷺ کی ولادت ہوگئی
مرحبا ﷺ صل علیٰ اھلاً و سھلاً مرحبا
تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دل چمکاؤ
اونچوں میں اونچا نبی ﷺ کا جھنڈا گھر گھر پر لہراؤ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
پکارو یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ

Marfat.com

# دید کراؤ مکی مدنی ﷺ

دید کراؤ مکی مدنی ﷺ
در پر بلاؤ مکی مدنی ﷺ

گر آپ ﷺ نہ سنیں گے تو میری کون سنے گا
گر آپ ﷺ نہ کریں گے کرم کون کرے گا

سبز گنبد کے سائے تلے
سب کو سلاؤ مکی مدنی ﷺ

برسوں سے اکھیاں ترسی ہیں
دید کراؤ مکی مدنی ﷺ در پہ بلاؤ مکی مدنی ﷺ

دید تیری ہو عید میری
جلوہ دکھاؤ مکی مدنی ﷺ

آقا ﷺ اپنے نواسوں کا صدقہ
دکھڑے مٹاؤ مکی مدنی ﷺ

ہم ہیں گناہوں میں ڈوبے ہوئے
جیسے ہیں نبھاؤ مکی مدنی ﷺ

محشر میں ہوگا لب پہ میرے
مجھ کو بچاؤ مکی مدنی ﷺ

در پہ بلاؤ مکی مدنی ﷺ
دید کراؤ مکی مدنی ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# کیسا لگے گا

میں نذر کروں جان و جگر کیسا لگے گا
رکھ دوں در سرکار ﷺ پہ سر کیسا لگے گا

غوث الوریٰ سے پوچھ لو اک روز یہ چل کر
بغداد سے طیبہ کا سفر کیسا لگے گا

قسمت سے جو آ جائیں میرے گھر میں شہہ دیں ﷺ
میں کیسا لگوں گا میرا گھر کیسا لگے گا

جب دور سے ہے اتنا حسین گنبد خضریٰ
اس پار سے ایسا ہے ادھر کیسا لگے گا

سرکار ﷺ نے در پہ تجھے بلوایا ہے منگتے
جب کوئی تمہیں دے گا خبر کیسا لگے گا

جس ہاتھ سے لکھوں گا محمد ﷺ کا قصیدہ
اس ہاتھ میں جبریل کا پر کیسا لگے گا

رکھ لوں گا عمامے پہ جو نعلین مقدس
شاہوں کے مقابل میرا سر کیسا لگے گا

☆☆☆

Marfat.com

# ہم بھی مدینے جائیں گے

ہم بھی مدینے جائیں گے آج نہیں تو کل سہی
سر در آقا ﷺ پر جھکائیں گے آج نہیں تو کل سہی

انشاء اللہ ہم بھی چومیں گے سنہری جالیاں
دیکھیں گے یہ دن سہانے آج نہیں تو کل سہی

سبز گنبد کی مہکتی اور نوری چھاؤں میں
ہوں گے اپنے بھی ٹھکانے آج نہیں تو کل سہی

سرور دیں روضۂ اقدس پر بلائیں گے ہمیں
جام وحدت کے پلانے آج نہیں تو کل سہی

جانب خیر البشر ہم جائیں گے باچشم وتر
دکھڑے ہم دل کے سنائیں گے آج نہیں تو کل سہی

پہنچ ہی جائیں گے عشرتؔ ہم دربار نبی ﷺ
بگڑی قسمت بنائیں گے آج نہیں تو کل سہی

☆☆☆

Marfat.com

## میرے نبی ﷺ صل علیٰ

میرے نبی ﷺ صل علیٰ پیارے نبی ﷺ صل علیٰ
در پہ بلا لو ہم کو بھی پیارے نبی صل علیٰ

ہے کتنا سکوں دیکھو آقا ﷺ کے مدینے میں
رحمت کی چھما چھم ہے برسات مدینے میں

طیبہ کا ہر منظر کیا خواب سہانا ہے میرے نبی صل علیٰ
ان جاگتی آنکھوں سے روضے کو ہم دیکھیں

اور گنبد خضریٰ کو دیوانے سب دیکھیں
ہم غم کے ماروں کا طیبہ ہی ٹھکانہ ہے

کیوں چاند میں کھوئے ہو الجھے ہو ستاروں میں
آقا ﷺ کو میرے ڈھونڈو قرآن کے پاروں میں

جبریل امیں بولے سدرہ کے مکیں بولے
تم سا نہ حسین دیکھا لکھوں میں ہزاروں میں

وہ در پہ بلاتے ہیں اور فیض لٹاتے ہیں
اور دید کے پیاسوں کو جلوے بھی دکھاتے ہیں

Marfat.com

میرے لب پہ مدینہ ہو میرے دل میں مدینہ ہو
آقا ﷺ میں جدھر دیکھوں طیبہ کا نظارا ہو
جو دیکھے یہی بولے آقا ﷺ کا دیوانہ ہے

اللہ بھی کرتا ہے ہاں ذکر محمد ﷺ کا
قرآن کے پاروں ہے ذکر محمد ﷺ کا
ہے ذکر فرشتوں کا حوروں کا ترانا ہے

میرے نبی ﷺ صل علیٰ پیارے نبی ﷺ صل علیٰ
میرے نبی ﷺ صل علیٰ پیارے نبی ﷺ صل علیٰ

☆☆☆

Marfat.com

# ہو مبارک اہل ایماں عید میلاد النبی ﷺ

ہو مبارک اہل ایماں عید میلاد النبی ﷺ
ہوگئی قسمت درخشاں عید میلاد النبی ﷺ

خوب خوش ہیں حور و غلماں عید میلاد النبی ﷺ
اور فرشتے بھی ہیں شاداں عید میلاد النبی ﷺ

چار سو ہیں کیا چھما چھم رحمتوں کی بارشیں
جھومتیں ہیں ابر باراں عید میلاد النبی ﷺ

نور کی پھوہار برسی چار سو ہے روشنی
ہوگیا گھر گھر چراغاں عید میلاد النبی ﷺ

چاروں جانب دھوم ہے سرکار ﷺ کے میلاد کی
جھومتا ہے ہر مسلماں عید میلاد النبی ﷺ

غنچے چٹکے پھول مہکے ہر طرف آئی بہار
ہوگئی صبح بہاراں عید میلاد النبی ﷺ

آمنہؓ کے گھر محمد ﷺ کی ولادت ہوگئی
خوب جھومو اہل ایماں عید میلاد النبی ﷺ

یانبی ﷺ اپنی ولادت کی خوشی میں اپنا غم
دیجئے طیبہ کے سلطان عید میلاد النبی ﷺ

عید میلاد النبی ﷺ پر جو بھی کرتا ہے خوشی
عیدی ملتی ہے مغفرت عید میلاد النبی ﷺ

عید میلاد النبی ﷺ کا واسطہ عطار کو
بخش دے مولائے رحماں عید میلاد النبی ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

# میرا دل اور میری جان مدینے والے

میرا دل اور میری جان مدینے والے
تجھ پر سو جان سے قربان مدینے والے

ہم فقیروں پر بھی اک نظر کرم ہو جائے
گل فشاں ہے تیرا دامان مدینے والے

بھر دے بھر دے میرے آقا ﷺ میری جھولی بھر دے
اب نہ رکھ بے سر و سامان مدینے والے

سبز گنبد کی فضاؤں تو کہاں جاؤں میں
تیرا غافل ہے پریشان مدینے والے

لکھ دے لکھ دے میری قسمت میں مدینہ لکھ دے
ہے تیری ملک قلمدان مدینے والے

تیرا در چھوڑ کے جاؤں تو کہاں جاؤں میں
میرے آقا ﷺ میرے سلطان مدینے والے

سگِ طیبہ مجھے کہہ کے پکاریں بیدمؔ
یہی رکھیں گے میری پہچان مدینے والے

☆☆☆

Marfat.com

# وہ کیسا سماں ہوگا وہ کیسی گھڑی ہوگی

وہ کیسا سماں ہوگا وہ کیسی گھڑی ہوگی
جب پہلی نظر ان کے روضے پر پڑی ہوگی

یہ کوچہ جاناں ہے آہستہ قدم رکھنا
ہر جا پہ ملائک کی بارات کھڑی ہوگی

کیا سامنے جا کے ہم حال اپنا سنائیں گے
